بسم اللہ الرحمن الرحیم

سجدہ میں تکلیف کی وجہ سے گھٹنے رکھنے کی جگہ فوم رکھ کر نماز پڑھنا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

اگر کسی عورت کو زمین پر گھٹنے رکھنے سے بہت تکلیف ہوتی ہو، باقی سجدہ رکوع یا اٹھنے بیٹھنے میں زیادہ آزمائش نہ ہو، تو کیا وہ جائے نماز پر گھٹنے رکھنے کی جگہ فوم رکھ سکتی ہے تاکہ گھٹنوں پر زمین کی سختی محسوس نہ ہو؟ فی الحال کرسی پر نماز پڑھ رہی ہیں۔

جواب

مذکورہ خاتون گھٹنے رکھنے کی جگہ پر فوم رکھ کر نماز پڑھ سکتی ہیں۔ البتہ کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھنا اور جن رکعتوں میں قیام فرض ہے ان میں قیام نہ کرنا، یونہی سجدہ زمین پر کرنے کے بجائے کرسی پر بیٹھے بیٹھے اشارے سے کرنا تب ہی جائز ہوگا جب جائز صورت پائی جائے ورنہ نماز نہیں ہوگی، لہٰذا اس سے متعلق ضروری تفصیل پڑھ لیں۔

جو شخص زمین پر یا زمین سے **12 انگل (یعنی 9 انچ)** اونچی سخت چیز رکھ کر اس پر سجدہ کرنے کی طاقت رکھتا ہو تو اس کے لیے زمین یا اس چیز پر سجدہ کرنا فرض ہے، سجدے کی جگہ اشارہ کرنے سے نماز نہیں ہوگی اور جن نمازوں میں قیام فرض ہے یعنی فرض، وتر اور سنتِ فجر، ان میں قیام پر قدرت ہوتے ہوئے قیام بھی فرض رہے گا، بیٹھ کر نماز پڑھی تو نماز نہیں ہوگی۔

ایسا مریض جو نہ تو زمین پر سجدہ کرنے پر قادر اور نہ ہی زمین پر **12 انگل (یعنی 9 انچ)** اونچی سخت چیز رکھ کر اس پر سجدہ کر سکے کہ سجدہ کرنے سے ناقابلِ برداشت تکلیف ہوگی یا بیماری بڑھ جائے گی تو وہ بیٹھ کر نماز پڑھ سکتا ہے زمین پر بیٹھے خواہ کرسی پر، اسے سجدہ کی جگہ اشارہ بھی جائز ہے۔ یاد رہے کہ اشارے سے سجدے کے لیے رکوع کے مقابلے میں سر زیادہ جھکانا ضروری ہے اور اگر سجدے کے لیے سر زیادہ نہ جھکایا تو سجدہ نہیں ہوگا اور نماز بھی نہیں ہوگی۔

یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ کرسی کے سامنے والے تختہ پر سجدہ کرنا سجدہ نہیں بلکہ اشارہ ہی ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2630

تاریخ اجراء: 04 جمادی الاخریٰ 1447ھ/26 نومبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net